Civics - FA Part 2 Civics Urdu Medium Chapter 5 Short Questions Test

Q1. پاکستان میں صوبائی پرستی کا خاتمہ کیسے ممکن ہے.

Ans 1: پاکستان ایک وفاقی ریاست ہے جو چار صوبوں اور کچھ قبائلی علاقوں پر مشتمل ہے. قومی یکجہتی وسالمیت کو تباہ کرنے والے عناصر میں سے صوبائیت برستی کا فتنہ سب سے خطرناک ثابت ہوتا ہے.

Q2. پاکستان میں جمہوریت کی کامیابی کیسے ممکن ہے.

Ans 1: پاکستان میں جمہوریت کی کامیابی اور ملکی سالمیت کے لیے لازم ہے کہ رائج الوقت جماعتوں کی تعداد کم کرنے کی کوشش کی جائے. ان کے لے اسلام پر مبنی ضابطہ اخلاق ترتیب دیا جائے تاکہ وہ اس پر عمل پیرا ہوکر ملک کو سیاسی طور پر مستحکم کرنے کی کوشش کرے.

Q3. قومی یکجہتی کے لغوی معنی بیان کریں.

Ans 1: یک جہتی میں یک کے معنی ہیں. ایک اور جہت طرف یا سمت کو کہتے ہیں. قومی یکجہتی کے معنی یہ ہیں کہ پوری قوم کا رخ ایک ہی سمت کو ہوجائے . افراد قوم کے فکر و عمل میں اتحاد اور یگانگت پیدا ہوجائے.

Q4. اسلامی ریاست کیسے ایک مثالی ریاست بن سکتی ہے.

Ans 1: اسلامی ریاست ایک مثالی ریاست ہوتی ہے. قومی وحدت کے تناظر سے اس کے اندر بسنے والی اقلتیں محفوظ ہوتی ہیں. ان کی زندگی ہر لحاظ سے قابل ہوتی ہے. ان کو ائینی طور پر اور عملا بھی جان ومال، عزت و آبرو ، روزگار کا تحفظ عقیدے اور مذہب کی مکمل آزادی حاصل ہوتی ہے.

Q5. پاکستان میں کس نظام کی جڑیں بہت مضبوط اور گہری ہیں.

Ans 1: پاکستان میں جاگیردارانہ نظام بہت اور گہری ہیں

Q6. قومی یکجہتی کی راہ میں پیش آنے والے مسائل کے نام لکھیں.

Ans 1: 1- شرح خواندگی میں اضافہ 2- فرقہ پرست نام نہاد کا محاسبہ 3-نظام تعلیم میں تبدیلی 4- جاگیردارانہ نظام 5- قومیتوں کا نعرہ 6- علاقائی ثقافت 7- دین کا صحیح تصور اجاگر کرنا 8- نظریاتی اصولوں سے انحراف 9- علاقوں کی مساوی ترقی 10- انتخابات سے پہلو تہی 11- زرائع ابلاغ کا کردار

Q7. قومی یکجہتی کے مسائل کو بیان کریں.

Ans 1: 1- دینی تعلیم سے دوری 2- نام نہاد دینی علماء کی فرقہ پرستی 3- سیاسی شعور کا فقدان 4- معاشی پسماندگی 5- علاقائی تعصبات 6- تہذیبی اور لسانی تعصبات 7- تعلیم کی کمی بے مقصدیت اور اس پر بھاری اخراجات 8- زرائع ابلاغ کا کردار 9- علاقائی سیاسی جماعتیں 10- جاگیرداری اور قبائلی نظام 11- حکومت کے اپنے مفادات 12- حکومت کی پالیسیوں پر عوام کا عدم اطمینان 13- سرمایہ دارانہ نظام اور معاشی اجارہ داری 14- مخصوص طبقے کا سیاسی تسلط 15- سودی نظام معیشت جو اللہ تعالی سے اعلان جنگ کے مترادف

Q8. نظام تعلیم کے بارے میں چند سطور لکھیں.

Ans 1: ہمارا نظام تعلیم بھی با مقصد اور ملکی نظریات سے ہم اہنگ ہونا چاہیے. نظام تعلیم ایسا ہو کہ وہ طلبہ میں اخوت، محبت اور یگانگت پیدا کرے. انس سے نفرت ، تعصب اور تشدد ختم کرے. ہمارے نظام تعلیم کے چند قومی مقاسد ہوں جن کی وجہ سے پوری قوم میں یگانگت پیدا ہونی چاہیے.

Q9. پاکستان قومیت کی واحد بنیاد کون سی ہے

Ans 1: پاکستانی قومیت کی واحد بنیاد اسلام ہے.

Q10. قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے زرائع ابلاغ کا کیا کردارہے.

Ans 1: قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے زرائع ابلاغ اہم کردار ادا کرتے ہیں. لیکن شرط یہ ہےکہ ان کا استعمال صحیح خطوط پر کیا جائے تاکہ لوگوں میں جذبہ حب الوطنی پیدا ہو اسلامی اخوت اور اسلامی سیرت و کردار کو فروغ حاصل ہو.
